سوال

سورج سے گرم کیے ہوئے پانی سے وضو کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سورج کی گرمی سے یعنی دھوپ سے جو پانی گرم ہوجاتا ہے اس سے وضو ہوجاتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مشکوۃ باب المیاہ میں ہے۔ «عن عمر بن الخطاب قال لا تغتسلوا بالماء المشمس فانه يورث البرص» (رواہ الدار قطنی) ''دھوپ سے گرم پانی کے ساتھ غسل نہ کرو کیونکہ وہ پھلبہری کو پیدا کرتا ہے۔'' دار قطنی میں بعض اور روایتیں بھی ہیں جن کا مطلب یہی ہے۔ لیکن یہ مسئلہ طبی لحاظ سے بیان کیا گیا ہے اور طبی حیثیت سے اتفاقیہ استعمال چنداں مضر نہیں۔ اس لیے اگر اور پانی نہ ملے تو اس کا استعمال کرلینا حرج نہیں جنگل میں جوہروں کے پانی کے استعمال کی بابت مشکوۃ وغیرہ میں احادیث موجود ہیں حالانکہ وہ عموماً دھوپ سے گرم ہوجاتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

وضو کا بیان، ج1ص282